70110-اسلام قبول کرنا چاہتی ہے لیکن قبلہ کی جہت کا علم نہیں

سوال

میں اسلام قبول کرنے کی رغبت رکھتی ہوں، میرا اعتقاد ہے کہ اللہ ہی عظیم ہے، اور اسلام ہی دین حق ہے، میں نے اتنی عربی سیکھ لی ہے جس سے نماز کی ادائیگی ہو سکتی ہے، لیکن مجھے نماز ادا کرنے کے لیے صحیح رخ کا علم نہیں، میری گزارش ہے کہ آپ میرے شہر ساوتھ ویلز میں قبلہ کا رخ بتانے میں میری مدد کریں ؟

پسندیدہ جواب

اول :

ہم آپ کو صحیح اعتقاد تک پہنچنے، اور دین حق کی معرفت حاصل کرنے پر مبارکباد دیتے ہیں، اور ہماری اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ کی مدد فرمائے اور آپ کو توفیق سے نوازے، اور آپ کے ایمان اور دنیا و آخرت میں اطمنان و سعادت میں اضافہ کرے.

آپ کو اس عظیم دین میں داخل ہونے کے لیے حق کی گواہی دینی چاہیے، اور وہ گواہی کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے، یعنی اللہ تعالی کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کے رسول ہیں، تاکہ آپ بھی اللہ تعالی کے ہاں کامیاب و سعادت مند افراد میں لکھی جائیں.

فرض کریں آپ کو قبلہ کے رخ کا علم نہیں بھی تو پھر بھی آپ دین حق قبول کرتے ہوئے مسلمان ہو جائیں، اور اس میں ایک لحظہ اور سیکنڈ بھی تاخیر مت کریں، اور بعد میں آپ مکہ کی جہت کا پوچھ لیں، یہی قبلہ کا رخ ہے، ان شاء اللہ یہ کام تو بہت ہی آسان سا ہے، بلکہ اگر فرض کیا جائے کہ آپ کو قبلہ کا رخ نہیں بھی معلوم ہوتا تو آپ اسے معلوم کرنے کی جدوجھد کریں اور اپنے خیال اور ظن کے مطابق جہت متعین کر کے اس رخ کی طرف نماز ادا کر لیں، تو آپ کی نماز صحیح ہوگی اور آپ پر کچھ گناہ نہیں.

آپ اپنے قریب ترین اسلامک سینٹر میں رابطہ کریں، وہ اسلامی تعلیمات سیکھنے میں آپ کی معاونت کرینگے، اور ان شاء اللہ آپ کو ضروری کتب وغیرہ بھی مہیا کرینگے.

دوم :

قبلہ رخ کی تحدید آپ کمپاس یا گھڑی یا کمپاس اور قطب نما آلہ استعمال کر سکتی ہیں، یا پھر نقشہ بھی استعمال ہو سکتا ہے.

دنیا کا نقشہ دیکھ معلوم ہوتا ہے کہ برطانیہ میں رہنے والوں کے لیے قبلہ کی جہت جنوب مشرقی سائڈ بنتی ہے، اس لیے آپ مشرق اور جنوب والی جہت کی تحدید کر لیں، تو ان دونوں کے مابین آپ کا قبلہ ہوگا، اور دور بسنے والے افراد کے لیے تھوڑی سے غلطی معاف ہے.

واللہ اعلم.